DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 12-05-2023**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پرامن احتجاج ہرشہری کا بنیادی حق جلاؤ گھیراؤ سے اجتناب کرنا چاہئے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ثابت ہوا عدالتیں آرڈر نہیں کرتیں خواہشات پر فیصلے کرتی ہیں، مولانا واسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | حکومت صوبے میں صحت سہولیات کی فراہمی کواولیت دے رہی ہے، وزیر صحت۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | بلوچستان کے بجٹ میں عوام کو ہرسطح پر ریلیف فراہم کرینگے زمرک اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان کی تعمیروترقی میں مسیح برادری کے کردار سے انکار ممکن نہیں خلیل جارج۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | تحریک انصاف انتشاراور جلاؤ گھیراؤ کی سیاست نہ کرے سکندر خان عمرانی۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | ہم عوامی خدمت کے ذریعے لوگوں میں شعور اجاگر کررہے ہیں، اعجاز سنجرانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں تیسرے روز بھی شہر سنسان انٹرنیٹ سروسز بند۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | نیشنل گیمز کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد آئی جی پولیس نے صدارت کی آفیسران شریک تھے۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | مسائل کے خاتمے کیلئے آفیسران کوسنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا صوبائی محتسب بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ملک کونقصان پہنچانے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے جمال رئیسانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | سبی رینج میں 45 پولیس افسران واہلکاروں کی مختلف عہدوں پر ترقیاں۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | نیشنل گیمز میں طلباء وطلبات کوکھیلوں کے بہترین مواقع میسر آئینگے وی سی بیوٹمز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | افغانستان کے تمام ہمسائے آزادی وخودمختاری کا احترام کریں محمود اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | خالق شہید تھانہ کی حدود میں قیام امن یقینی بنایا جائے، پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | احتساب کے نام پرانتقام حکمرانوں کا شیوہ ہے جماعت اسلامی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | غریب لوگ روٹی س محروم مسلط لوگ بدنامی کا باعث ہیں، رحمت بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

ساکران ندی میں فائرنگ ڈاکو ہلاک، حب منشیات فروش گرفتار، کوئٹہ میں خنجر کے وار کرکے ایک شخص کوقتل کردیا گیا، راشن بیگز کوئٹہ منتقل ہوتے ہوئے پکڑے گئے ،کوئٹہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک گھنٹے کے اندر قاتل گرفتار کرلیا۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 12-05-2023

## عوامی مسائل

کلی لوہڑ کاریز گرلز مڈل سکول کی عمارت تعمیر نہ ہوسکی، قلعہ سیف اللہ زمینداروں کاشتکاروں کو زرعی قرضوں کے حصول میں مشکلات، بولان کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ غیر حاضر بچوں کا مستقبل تاریک۔

## اداریہ:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "بدترین عدم استحکام کیا کرنا چاہئے " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے بلوچستان ملک بھر میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جو افسوسناک حالات و واقعات پیش آئے وہ بھلا کس سے مخفی و پوشیدہ ہیں ایک طرف بدترین سیاسی عدم استحکام اور بحرانی کیفیت دوسری جانب بے ہودہ سیاسی کلچر کا یہ حال کہ سرکاری و قومی املاک کو نقصان پہنچانے کے جرائم سے لے کر قومی عزت اور وقار سے کھیلنے کے مکروہ عمل اور پھر اس کے دفاع کرنے کی بدترین روش تک پتہ نہیں یہ حالات کس طرف جا رہے ہیں اگر سیکورٹی فورسز بالخصوص افواج پاکستان صبر و تحمل کا مظاہرہ نہ کرتیں اور احتجاج کے نام پر بدترین قومی جرم کے مرتکب عناصر کے خلاف فوری ردعمل دیتیں تو آج حالات کیا ہوتے، ایسے یہ المیہ سامنے آ رہا ہے۔ سیاسی یا گروہی رنگ دینے کی بجائے آئین و قانون کو اپنا کام کرنے دیا جائے ملک کا روشن مستقبل آئین و قانون کی بالادستی کو تسلیم کرنے میں مضمر ہے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " No More Smuggling" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "رواں ہفتے ہیٹ ویو کا خطرہ شہری احتیاط کریں" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 12 MAY 2023 Page No: 1


## پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق، جلاؤ گھیراؤ سے اجتناب کرنا چاہیے، گورنر

### قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، گورنر پنجاب سے گفتگو

### صوبائی سطح پر ایسی سیاسی قیادت کی ضرورت ہے جو بلا رنگ ونسل عوام کی نمائندگی کرے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے جمعرات کے روز اپنے ہم منصب گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن اور گورنر خیبر پشتونخوا حاجی غلام علی سے ٹیلیفونک رابطے کیے۔ تینوں رہنماؤں نے ملک کے سیاسی منظرنامہ، صوبوں کے درمیان تعلقات کو مستحکم بنانے، عوام میں اجتماعی احساس جگانے اور قانون کی پاسداری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ اختلاف رائے کا احترام معاشرے کا اصل حسن ہے۔ سماجی ارتقاء اور پائیدار ترقی کا راز عوامی سیاست میں پنہاں ہے اور سیاست ہی ہمیں بردباری اور اختلاف رائے کا احترام سکھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے لیکن تمام سیاسی لیڈرز کو جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور پرتشدد واقعات سے اجتناب کرنا چاہیے۔ احتجاج کرنے والے بھی ہمارے بھائی ہیں لیکن یاد رکھنا کہ ہمارے نوجوانوں کے مشتعل مظاہروں اور جذباتیت سے کوئی تخریب کار فائدہ بھی اٹھا سکتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ایک بات تو واضح ہے کہ محنت کش طبقہ ہی غیر ضروری ہڑتالوں، احتجاجوں اور قومی شاہراہوں کی بندش سے زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ محاذ آرائی اور قانون کو ہاتھ میں لینے سے معاشی ناآسودگی، بیگانگی اور افراتفری کو تقویت مل سکتی ہے۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے حوالے سے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اور صوبوں کے وسیع تر مفاد میں تمام تر اختلافات کو باہمی افہام وتفہیم سے حل کریں۔ تمام شہری آئین کی بالادستی اور جمہوری تسلسل برقرار رکھنے میں اپنے حصے کا کردار ادا کریں۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان بالخصوص صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی سرزمین اقلیتی برادریوں کی صحت اور تعلیم کے شعبوں میں سرانجام دینے والی گرانقدر خدمات سے زرخیز ہے۔ مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے لوگ نہایت پرامن اور پیار کرنے والے ہیں۔ لہٰذا صوبائی سطح پر ایسی سیاسی قیادت کی ضرورت ہے جو صوبے بھر کے تمام باشندوں کی رنگ، برادری اور مذہب سے بالاتر نمائندگی کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رکن صوبائی اسمبلی خلیل جارج کی قیادت میں مسیحی برادری کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ عوام کو تقسیم در تقسیم سے نفرتیں اور دوریاں پیدا ہوتی ہیں اور یہ بھی عوام کو تقسیم کرنے کا ہر حربہ پورے سماج کے مفاد میں نہیں ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ دنیا کا ہر سیاسی نظریہ ہمیں اجتماعیت کا درس دیتا ہے۔ لہٰذا سب کو ساتھ لے کر چلنے والی ہر کوشش لائق تحسین ہوتی ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## گورنر بلوچستان کا پنجاب اور خیبر پشتونخوا کے گورنرز سے ٹیلیفونک رابطہ

### تینوں رہنماؤں کا سیاسی منظرنامہ پر تبادلہ خیال

### تمام سیاسی لیڈرز کو جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور پرتشدد واقعات سے اجتناب کرنا چاہیے، عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے جمعرات کے روز اپنے ہم منصب گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن اور گورنر خیبر پشتونخوا حاجی


بقیہ نمبر 4 صفحہ 1 7 پر


غلام علی سے ٹیلیفونک رابطے کیے۔ تینوں رہنماؤں نے ملک کے سیاسی منظرنامہ، صوبوں کے درمیان تعلقات کو مستحکم بنانے، عوام میں اجتماعی احساس جگانے اور قانون کی پاسداری سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ اختلاف رائے کا احترام معاشرے کا اصل حسن ہے۔ سماجی ارتقاء اور پائیدار ترقی کا راز عوامی سیاست میں پنہاں ہے اور سیاست ہی ہمیں بردباری اور اختلاف رائے کا احترام سکھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے لیکن تمام سیاسی لیڈرز کو جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور پرتشدد واقعات سے اجتناب کرنا چاہیے۔ احتجاج کرنے والے بھی ہمارے بھائی ہیں لیکن یاد رکھنا کہ ہمارے نوجوانوں کے مشتعل مظاہروں اور جذباتیت سے کوئی تخریب کار فائدہ بھی اٹھا سکتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ایک بات تو واضح ہے کہ محنت کش طبقہ ہی غیر ضروری ہڑتالوں، احتجاجوں اور قومی شاہراہوں کی بندش سے زیادہ متاثر ہوتا ہے

# Governor seeks end to violence in country's interests

## Hails efforts of law enforcement agencies to ensure the safety of citizens

**Staff Report**



QUETTA: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar on Thursday made telephonic contacts with his counterparts Punjab Governor Muhammad Balighur Rehman and Khyber Pashtun Governor Haji Ghulam Ali.

The three leaders discussed matters of mutual interest including the political scenario of the country, stabilizing relations between the provinces, awakening collective feeling among the people and abiding by the law.

On this occasion, Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that respect for differences of opinion is the real virtue of society. The secret of social evolution and sustainable development lies in public politics and politics itself teaches us tolerance and respect for differences of opinion.

He said that peaceful protest is the basic right of every citizen but all political cadres should avoid arson, vandalism and violent incidents. The protestors are also our brothers, but remember that a saboteur can also take advantage of the angry protests and emotionalism of our youth. Governor Balochistan said that one thing is clear that the working class is the most affected by unnecessary strikes, protests and closure of national highways. Apart from this, confrontation and taking the law into one's hands can lead to economic discomfort, alienation and chaos.

Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that the efforts of all the law enforcement agencies to ensure the safety of life and property of the people in the current situation are commendable.

He said that all differences should be resolved through mutual understanding in the wider interest of the country and the provinces. All citizens should play their part in maintaining the supremacy of the Constitution and democratic continuity.

Violent and disruptive protests denouncing the arrest of former Prime Minister Imran Khan continue across Pakistan as of May 10, with a few thousand supporters gathering for daily rallies in major cities. Khan was detained May 9 in a corruption case. His party, the Pakistan Tehrik-e-Insaf (PTI) has called for nationwide protests and a one-day strike May 10, prompting the precautionary closure of most educational institutions. Additional business and school closures are possible in the coming days.

Authorities are boosting security deployment nationwide, as well as curbing public assembly and suspending mobile internet services. Local media claims access to social media and messaging platforms is also restricted in some cities like Islamabad and Lahore. Security forces have used batons, tear gas, and water cannons to disperse protesters, mainly to prevent or control arson, vandalism, and/or forcible entry targeting military sites.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** MASHRIQ QUETTA

**Bullet No.** 1 **DATE:** 12 MAY 2023 **Page No:** 4

## بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کے کردار سے انکار ممکن نہیں، خلیل جارج

صوبائی حکومت نے بے گھر مسیحی افراد کو گھروں کی فراہمی یقینی کیلئے کوئٹہ شہر میں 20 ایکڑ اراضی کی منظوری دیدی ہے

**سرکاری محکموں کو سرکاری ملازمتوں میں اقلیتوں کے 5 فیصد کوٹے پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور خلیل جارج نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے بے گھر مسیحی افراد کو گھروں کی فراہمی یقینی کیلئے کوئٹہ شہر میں 20 ایکڑ اراضی کی منظوری دیدی ہے جس پر مسیحی قوم وزیراعلیٰ بلوچستان کی شکر گزار ہے یہ بات انہوں نے نوری نصیر کلچرل سینٹر میں دارالعمل ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنما و سابق رکن صوبائی اسمبلی ولیم برکت، پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری شان سلامت، ڈاکٹر وحید یوسف اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ خلیل جارج نے کہا کہ بلوچستان میں بسنے والی اقلیتوں اور خاص کر مسیحی قوم نے ہمیشہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے مسیحی قوم کی تعلیم صحت سمیت دیگر شعبوں میں خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی حکومت بلوچستان میں بسنے والے اقلیتوں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے وزیراعلیٰ نے اقلیتوں کی عبادت گاہوں کیلئے ساؤنڈ سسٹم کے علاوہ سیکورٹی آلات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا۔

## تحریک انصاف انتشار اور جلاؤ گھیراؤ کی سیاست کر رہی ہے، سکندر خان عمرانی

تنصیبات پر حملوں توڑ پھوڑ اور اداروں کے خلاف نعرہ بازی ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

**اداروں اور عوام کو آمنے سامنے لا کھڑا کرنے کی سازش عوام نے ہی مسترد کر دیا، صوبائی وزیر ریونیو کا مذمتی بیان**

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے گزشتہ دنوں پی ٹی آئی کے جتھوں کی جانب سے دوران احتجاج راولپنڈی ۔لاہور سمیت مختلف شہروں میں ملکی تنصیبات پر حملوں۔ توڑ پھوڑ اور اداروں کے خلاف نعرہ بازی کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات سیاسی نہیں بلکہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش ہے کہ جسے کسی صورت بھی برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ انتشار کی سیاست ملک اور قوم کے مفاد میں نہیں ہوتی بلکہ اس سے افراتفری پھیلنے کا خدشہ ہوتا ہے سیاسی افکار سے خالی جماعت کی جانب سے جس طرح لوگوں کے ایک گروہ کو ملکی تنصیبات پر حملے توڑ پھوڑ اور اداروں کے خلاف اکسایا گیا اسے کسی صورت بھی سیاسی عمل نہیں کہا جا سکتا بلکہ اس سے یہ واضح ہو رہا ہے کہ ان سازشوں کے ذریعے اپنے ذاتی مفادات کے حصول کو اہمیت دی جا رہی تھی۔ قیدو بند کی صعوبتیں سیاسی جدوجہد کا حصہ ہوتی ہیں جسے کھلے دل سے تسلیم کرنا چاہیے تاکہ عوام کو اپنے مفادات کی تکمیل کے لئے قربان کیا جائے مگر اس تمام تر صورتحال میں یہ امر انتہائی قابل اطمینان رہا کہ عوام کی بڑی تعداد نے اداروں اور عوام کو آمنے سامنے لا کھڑا کرنے کی سازش کو مسترد کر دیا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام پروپیگنڈہ اور گھناؤنی سازشوں سے نہ صرف آشنا ہیں بلکہ اس کا تدارک کرنا بھی جانتی ہے پوری قوم ملکی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

## ہم عوامی خدمت کے ذریعے لوگوں میں شعور اجاگر کر رہے ہیں، میر اعجاز سنجرانی

ابوبکر آغا میرانی کی جانب سے وزیراعلیٰ کے کوارڈینیٹر میر اعجاز سنجرانی کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ، حاجی احمد حسنی کی ٹی پارٹی

**سردار شریف محمد حسنی، آزاد خان سالارانی، صدرالدین مینگل، سردار عبدالغیاث درانی، حاجی محمود حسنی سمیت دیگر شخصیات شریک**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) بلوچستان وزیراعلیٰ کے کوارڈینیٹر میر اعجاز خان سنجرانی کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر قبائلی و سیاسی رہنما سردار شریف محمد حسنی حاجی آزاد خان سالارانی بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری صدرالدین عینی خان مینگل کے سینئر رہنما سردار حاجی عبدالغیاث درانی حاجی ملک کریم داد محمد حسنی حاجی سعید احمد مینگل ظاہر خان حسنی چیئرمین ملک فقیر دوست حسنی اکبر جان سنجرانی حبیب زیب سالارانی میر ظفر جان سنجرانی چیئرمین سردارزادہ نثار خان درانی وائس چیئرمین لعل جان مینگل کونسلر میر عبدالباری یوبکزی کونسلر ملک نور شاہ لج، کونسلر میر حبیب اللہ سنجرانی حاجی شیر جان سنجرانی حاجی خالد سنجرانی میر شکیل احمد سنجرانی حاجی ملا باری داد عیدوزئی، ماسٹر عبدالرزاق عیدوزئی حماد اللہ عیدوزئی احمد اللہ عیدوزئی منیر احمد مانداہی سید دولت شاہ اویار خان سنجرانی شاہ زیب سنجرانی میر عصمت سنجرانی شاہ خالد شیرزادہ حسنی اعظم بلوچ حاجی علی احمد حسنی شفیع اللہ درانی فاروق جان محبوب عالم درانی ذکریا درانی حاجی پیرک پیرکزئی امان اللہ درانی صادق حسنی ذکریا حسنی سمیر سنجرانی ودیگر بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے کوارڈینیٹر میر اعجاز خان سنجرانی کے قبائلی رہنما حاجی محمود حسنی حاجی احمد حسنی سے انکے رہائش گاہ حسنی ہاؤس میں ملاقات علاقائی و سیاسی امور پر گفتگو ہوئی حاجی احمد حسنی کے جانب سے چائے پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری صدرالدین عینی خان مینگل کے سینئر رہنما سردار حاجی عبدالغیاث درانی حاجی ملک کریم داد محمد حسنی حاجی سعید احمد مینگل چیئرمین ملک فقیر دوست حسنی اکبر جان سنجرانی میر ظفر جان سنجرانی چیئرمین سردارزادہ نثار خان درانی وائس چیئرمین لعل جان مینگل کونسلر میر عبدالباری یوبکزی میر شکیل احمد سنجرانی سید دولت شاہ اویار خان سنجرانی شاہ زیب سنجرانی شاہ خالد شیرزادہ حسنی اعظم بلوچ حاجی علی احمد حسنی شفیع اللہ درانی فاروق جان محبوب عالم درانی ذکریا درانی امان اللہ درانی ودیگر موجود تھے۔ بلوچستان وزیراعلیٰ کے کوارڈینیٹر میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا کہ مخالفین کا کام مخالفت ہے ہم عوامی خدمت کے ذریعے عوام کے اندر شعور اجاگر کر رہے ہیں کہ آپ کا اصل مخلص نمائندہ کون ہے اور آپ کے حق و حقوق کے لیے کون شب و روز جدوجہد کر رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 12 MAY 2023 Page No: 6



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نیشنل گیمز کی سیکورٹی ودیگر انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## نیشنل گیمز کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد

### آئی جی پولیس نے صدارت کی' آفیسران شریک تھے

ملک بھر کے آفیشل وکھلاڑی حصہ لے رہے ہیں' کنٹرول رومز قائم کئے جارہے ہیں

کوئٹہ(خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ کی زیرصدارت 34ویں نیشنل گیمز کے کوئٹہ میں انعقاد، سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی پولیس جواد احمد ڈوگر، ایڈیشنل آئی جی وکمانڈنٹ بی سی سلمان

بقیہ نمبر76 صفحہ 7 پر

چوہدری، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز شباب عظیم لہڑی، ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ڈی آئی جی اے ٹی ایف منیر احمد سمیت دیگر پولیس افسران بھی شریک تھے۔ اجلاس میں بتایا گیا ہے صوبے میں 19 سال بعد بلوچستان میں نیشنل گیمز کے موقع پر ایک بڑا ایونٹ منعقد ہونے جارہا ہے جو کہ صوبے کے لئے ایک اعزاز کی بات ہے لہذا اس سلسلے میں کھلاڑیوں اور وینیوز کی سیکورٹی کیلئے سخت اور فول پروف انتظامات کیے جائیں گے اس سلسلے میں انتظامیہ کے ساتھ مل کر سیکورٹی پلان ترتیب دی جائے گی جس میں کھلاڑیوں اور شائقین کو کم از کم تکلیف کا سامنا کرنا پڑے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 12 MAY 2023 Page No: 7

# سبی رینج میں 45 پولیس افسران و اہلکاروں کی مختلف عہدوں پر ترقیاں

مختلف رینک میں ترقی پانے والوں میں غلام علی ابڑو، پرویز اختر، نوروز خان سیلاچی، اصغر علی چشتی، ظفر اللہ ہنگوئی، اللہ ڈنہ دایو شامل

خالقداد، ڈیرہ بگٹی، قمبر خان، امداد علی، سید منور شاہ، ولی محمد تجک، محمد زبیر، عبدالعامر رند، ابراہیم جانڈیہ، غلام حسین رند کو بھی ترقی مل گئی

سبی (نمائندہ مشرق) سبی رینج پولیس میں بڑے پیمانے پر ترقیاں، 45 پولیس آفیسران کو ترقی کے رینک لگائے گئے ہیں، ترقی پانے والے ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور ڈی آئی جی سبی پولیس کے اس ملازمین دوست اقدام کو سراہا، ڈی آئی جی سبی رینج علی شیر جکھرانی کا پولیس ملازمین کیلئے احسن اقدام پولیس رینج سبی میں بڑے پیمانے پر ملازمین کو ترقی دے دی گئی سبی رینج میں ایک ماہ کے دوران ڈی آئی جی پولیس سبی رینج علی شیر جکھرانی نے رینج سبی کے 45 پولیس آفیسران و اہلکاروں کو مختلف عہدوں پر ترقیاں دے دی ہے پولیس رینج سبی میں بڑے پیمانے پر ترقیاں دی گئی ہیں جس سے سبی پولیس میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اے ایس آئی سے سب انسپکٹر کے رینک میں ترقی پانے والے ملازمین میں غلام علی ابڑو سبی، پرویز اختر سبی (موثر ہ اسلام آباد). 3نوروز خان سیلاچی سبی (CTD). اصغر علی چشتی سبی (CTD) ظفر اللہ ہنگوئی سبی، اللہ ڈنہ دایو سبی، خالقداد ڈیرہ بگٹی (اسپیشل برانچ)، قمبر خان سبی (اسپیشل برانچ)، امداد علی سبی، سید منور شاہ سبی (CTD)، ولی محمد تجک سبی، محمد زبیر سبی، حفیظ اللہ تجک سبی، عبدالمالک تجک سبی (CTD)، عبدالغفار سبی، محمد رفیق سبی (CTD)، احمد خان سیلاچی سبی (CTD)، محمد جان بگٹی ڈسٹرکٹ ڈیرہ بگٹی (CTD). احمد خان جانڈیہ سبی۔ غلام حیدر مرغزانی سبی جبکہ ہیڈ کانسٹیبل سے اے ایس آئی میں ترقی پانے والوں میں عبدالعامر رند سبی (RIB سبی)۔ محمد ابراہیم جانڈیہ سبی۔ غلام حسین رند سبی۔ محمد اصغر اعوان ڈیرہ بگٹی۔ محمد عثمان مری کوہلو۔ نور محمد اسپیشل برانچ کوئٹہ۔ جبکہ سپاہی سے ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پانے والوں میں شاہ محمد سبی C/293 (ATF کوئٹہ)۔ محمد شریف سبی C/45 (کوہلو)۔ سجاد علی شاہ سبی C/404. ظفر اللہ کھکوری سبی C/212 (ATF) فیض محمد C/144 سبی، قادر بخش C/356 سبی۔ محمد ناصر C/67 سبی۔ رحمت اللہ C/21 سبی (اسپیشل برانچ) عبدالفتح ڈوکی C/279 سبی، محمد بخش C/195 سبی، غلام نبی C/187 سبی، نظام الدین C/718 سبی۔ محمد افضل C/622 سبی۔ محب علی C/417 سبی (اسپیشل برانچ) محمد اکبر C/03 ہرنائی، شاہجہان C/85 زیارت، سید نور C/13 زیارت، عید گل C/120 کوہلو، عبدالواحد C/149 ڈیرہ بگٹی شامل ہیں ترقی پانے پولیس ملازمان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ملازمین نے ڈی آئی جی سبی رینج علی شیر جکھرانی کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے ملازمین کو ترقی دی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# احتجاج کرنے والے 4 طلباء تربت یونیورسٹی سے فارغ

باہوٹ چنگیز، یاسر بیگر، ضمیر شوہاز اور بالاچ رضا لاء ڈیپارٹمنٹ سمیت یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات میں زیر تعلیم تھے

جامعہ تربت کے زیر تعلیم طلباء کے وفد کی غلام یاسین بلوچ و دیگر سیاسی قیادت سے ملاقاتیں، جبری برطرفی سے آگاہ کرتے ہوئے تعاون بھی مانگ لیا

تربت (نمائندہ انتخاب) تربت یونیورسٹی نے چار طلبہ کو یونیورسٹی سے فارغ کر دیا، طلبہ کے مطابق یونیورسٹی آف تربت کے رجسٹرار نے باہوٹ چنگیز، یاسر بیگر، ضمیر شوہاز اور بالاچ رضا کو یونیورسٹی سے فارغ کر دیا ہے، وہ لاء ڈیپارٹمنٹ سمیت یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات میں زیر تعلیم تھے، طلبہ کے مطابق تربت یونیورسٹی نے اپنے آئینی حقوق کے لیے احتجاج بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

تربت (نمائندہ انتخاب) جامعہ تربت میں زیر تعلیم طلبہ کے ایک وفد نے آل پارٹیز کیچ کے کنوینر غلام یاسین بلوچ اور دیگر سیاسی قیادت سے ملاقات کی اور ان سے بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

کرنے والے طلبہ کے خلاف کارروائی کی تھی جس کے بعد انتظامیہ نے غیر معینہ مدت کے لیے یونیورسٹی کو بند کرنے کا اعلان کیا تھا تاہم گورنر بلوچستان کی مداخلت کے بعد یونیورسٹی کو 10 مئی کو کھول دیا گیا۔

یونیورسٹی انتظامیہ کی طرف سے جبری بے دخل کیے گئے طلبہ کے وفد نے بات چیت کی اور آل پارٹیز سے یونیورسٹی انتظامیہ کے جارحانہ رویہ اور طلبہ کو ہراساں کرنے پر تعاون طلب کیا، طلبہ وفد نے کہا کہ تربت یونیورسٹی کی انتظامیہ میں اکثریت ان کی ہے جنھوں نے طلبہ سیاست کے ذریعے نام اور شہرت کمائی مگر یہی لوگ اب یونیورسٹی میں آمر و ڈکٹیٹر بن گئے ہیں، اپنے آئینی حقوق کے لیے احتجاج کرنے والے طلبہ کی آواز کو دبانا اور انہیں جبراً بے دخل کرنا غیر قانونی عمل ہے جس کے خلاف سیاسی قیادت کو اتحاد میں لے کر مشترکہ جدوجہد کریں گے، اس موقع پر آل پارٹیز کیچ کے کنوینر غلام یاسین بلوچ نے طلبہ کو تعاون کی یقین دہانی کرائی اور وائس چانسلر تربت یونیورسٹی سے اپیل کی کہ وہ طلبہ کے معاملے پر افہام و تفہیم پیدا کرنے کی کوشش کریں اور جارحانہ انداز میں پیش آنے سے گریز کریں۔

Balochistan Time Quetta

# Balochistan govt seeks army deployment

**Monitoring Desk**

QUETTA: By keeping the law and order situation in view, the Balochistan home department has sought deployment of Pakistan Army troops in the province, a private TV channel reported, citing sources.

The additional chief secretary Balochistan home department has forwarded a summary to Chief Minister Abdul Qudsus Bizenjo to call in Army in the province for maintaining law and order. Pakistan Army troops were needed in the province to maintain law and order following the arrest of the former prime minister and PTI chief Imran Khan, the summary read.

The deployment of the Army should be approved as per Article 245, the summary requested by the Balochistan CM. On Wednesday, federal government approved the deployment of the Army in Punjab on the request of the Provincial Home Department. According to a notification issued by the Interior Ministry in this regard, the services of ten companies of the Pakistan Army have been handed over to Punjab government. The Army will assist the district administrations to maintain law and order across the province.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 12 MAY 2023

Page No: 11


## ساکران میں پولیس مقابلہ' ڈاکو ہلاک ساتھی اسلحہ سمیت گرفتار

حب (نامہ نگار) ساکران میں پولیس مقابلے کے نتیجے میں ڈاکو ہلاک جبکہ اس کے ساتھی کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا گیا ایس ایچ او ساکران پولیس تھانہ نبی بخش رودنجو کے مطابق مقابلہ کانگ لوہار کے علاقے میں ہوا ہلاک ڈاکو کی شناخت 28 سالہ علی خان کے نام سے ہوئی جبکہ اس کے ساتھی غلام حسین سے اسلحہ لوٹی گئی رقم اور موبائل فون بھی برآمد ہوا ہے۔

## حب، منشیات فروش گرفتار

حب (نامہ نگار) ایس ایچ او پولیس تھانہ بائیت سید مصطفیٰ شاہ اور سی آئی اے انچارج حب طارق رحیم جاموٹ نے غریب آباد میں چھاپے کے دوران ایک کلو سے زائد چرس برآمد ہونے پر منشیات فروش محمد بخش کو گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں خنجر کے وار کر کے ایک شخص کو قتل کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں خنجر کے وار کر کے ایک شخص کو قتل کردیا گیا۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 9 پر

پولیس حکام کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے کلی شابو میں لڑائی جھگڑا خنجروں کے وار سے ایک شخص شجاع خان کو قتل کردیا مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

## اوستہ محمد پولیس کی کارروائی ایک ڈاکو کو ہلاک، ایک اہلکار زخمی

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ڈاکو کو ہلاک کردیا ایک اہلکار زخمی ہوگیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او رؤف جمالی کو خفیہ اطلاع ملی جاگیر جھکرانی کے معروف ڈاکو منوشاہ و دیگر ساتھی اوستہ محمد میں رہائش.......... بقیہ نمبر 70 صفحہ 9 پر

پذیر ہے جس پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چھاپہ مارا فائرنگ کے تبادلے میں ایس ایچ او کے گن مین انتظار علی زخمی ہو گئے جوابی کارروائی میں معشوق علی شاہ ہلاک ہوگئے، زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ مذکورہ ڈاکو اوستہ محمد سے روپوش ہونے کی کوشش کررہے تھے جس پر پولیس نے کارروائی کی، دیگر ڈاکو وہاں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

INTEKHAB QUETTA

## ساکران ندی میں فائرنگ' ڈاکو ہلاک

### مختلف وارداتوں میں لوٹے گئے 10 سے زائد موبائل فونز اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا

حب (نمائندہ انتخاب) ساکران ندی میں فائرنگ ایک ڈاکو ہلاک، ایک ساتھی گرفتار جبکہ تیسرا ساتھی فرار ہونے کامیاب ہو گیا مختلف وارداتوں میں لوٹے گئے 10 سے زائد موبائل فونز اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا ایک ڈاکو کی ہلاکت قریبی گاؤں کے مکینوں اور بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر

ڈاکوؤں یا پولیس کی فائرنگ سے ہوئی اس حوالے سے تحقیقات کی جارہی ساکران پولیس کا موقف اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ حب کے نواحی علاقہ ساکران میں لنگ لوہار کے قریب حب ندی میں کچے راستوں اور ندی میں واقع کرشنگ پلانٹ پر گزشتہ کئی دنوں سے لوٹ مار کی وارداتیں ہو رہی تھیں جبکہ گزشتہ روز مسلح ڈاکو وارداتوں میں مصروف تھے کہ قریبی گاؤں کے لوگوں نے نہ صرف ساکران پولیس کو اطلاع دی بلکہ خود بھی انکا تعاقب کیا پولیس کے مطابق جب پولیس علاقہ میں پہنچی تو دونوں اطراف سے فائرنگ کا سلسلہ جاری تھا اس موقع پر پولیس نے بھی جوابی فائرنگ کی جس پر مسلح ڈاکوؤں نے بھاگتے ہوئے ندی کے پانی میں چھلانگ لگا دی پولیس کے مطابق گولیاں لگنے سے جاں بحق ہونے والے ڈاکو علی خان کی نعش بھی پانی کے گڑھے سے ملی اور اس کے ساتھی غلام حسین کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ تیسرا ساتھی جس کا نام انور بتایا جاتا ہے فرار ہو گیا پولیس کے مطابق جاں بحق اور گرفتار شخص سے 10 سے زائد موبائل فونز اور اسلحہ برآمد ہوا ہے۔

## گلی لوہڑ کاریز گرلز مڈل سکول کی عمارت تعمیر نہ ہو سکی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گلی لوہڑ کاریز گرلز مڈل اسکول کی عمارت کی عدم تعمیر سے طالبات کا قیمتی تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ تفصیلات کے مطابق علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ گلی لوہڑ کاریز گرلز مڈل اسکول غوث آباد سیٹلائٹ ٹاؤن کی عمارت خستہ حال ہو چکی تھی جبکہ عمارت کی توسیع کی بھی منظور ہوئی تھی جس کی بنا پر گزشتہ سال عمارت کا کچھ حصہ منہدم کر کے نئے کمرے تعمیر کرنے تھے مگر بدقسمتی سے جہاں پر عمارت کو منہدم کیا گیا تھا وہاں سے کام آگے نہ بڑھ سکا بلکہ کمروں کی مزید قلت ہو گئی ہے، تعلیمی سال کے شروع میں کلاسز نہ ہونے کی شکایت کے سبب عجلت میں اسکول کھول دیا گیا جبکہ طالبات کے دو سیشن بنائے گئے جس کے مطابق کلاس سوم تک ایک دن جبکہ جماعت چہارم تا ہشتم اگلے دن اس طرح پورے ہفتے میں طالبات کے ایک گروپ کے تین دن اور دوسرے گروپ کے لئے تین دن درس و تدریس ہوگی والدین کمیٹی کے سربراہ حاجی رضا جنگ نے جنگ کو بتایا کہ ایک تو علاقہ پسماندگی کا شکار ہے، جبکہ علاقے کے لوگ اپنی بچیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا چاہتے ہیں مگر تعلیمی حکام اس جانب کوئی توجہ نہیں دے رہے۔

## قلعہ سیف اللہ: زمینداروں و کاشتکاروں کو زرعی قرضوں کے حصول میں مشکلات

**ضلع میں لاکھوں افراد کا تعلق شعبہ زراعت سے ہے، قرضے نہ ملنے کے باعث شدید پریشانی، حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) قلعہ سیف اللہ کا شمار صوبے کے زرعی علاقے میں ہوتا ہے اور لاکھوں افراد کا تعلق شعبہ زراعت سے ہے لیکن زرعی شعبے پر حکومتی سطح پر توجہ نہیں دی جا رہی ہے جس کے باعث زمینداروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی زمینداروں نے "جنگ" کو بتایا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کے ذریعے زمینداروں کو آسان شرائط پر قرضے دیئے جاتے تھے۔ جس کیلئے ماضی میں این بی پی کے ایک افسر عبدالصادق جلالزئی کے اقدامات قابل ستائش تھے وہ اس حوالے سے زمینداروں سے بھرپور تعاون کرتے تھے لیکن ان کے تبادلے کے بعد زمینداروں کو قرضوں کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے رپورٹ کے مطابق ہر سال میدان میں بڑے پیمانے پر فروٹ اور سبزیاں دیگر اضلاع سمیت اندرون ملک سپلائی کئے جاتے ہیں یہاں کی زرعی اجناس معیار کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہیں۔ زمینداروں عبدالرحمٰن کاکڑ، جودکاکڑ اور دیگر نے نیشنل بینک آف پاکستان کے حکام سے مطالبہ کیا کہ عبدالصادق جلالزئی کو دوبارہ قلعہ سیف اللہ میں تعینات کیا جائے تاکہ وہ زمینداروں کو قرضوں کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کر سکیں اور یہاں کے زمیندار فصلوں اور باغات پر توجہ دیکر ملک و صوبے کی معیشت کے استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

# ڈیرہ مراد جمالی و چھتر میں بنیادی سہولیات کا فقدان، مکینوں کا جینا محال

**بجلی گیس سیوریج سسٹم پینے کے صاف پانی کی بندش نے مکینوں کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا ہے، عوامی حلقوں کی جانب سے احتجاج کی دھمکی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی و چھتر میں بنیادی سہولیات کا فقدان، مکینوں کا جینا محال، شہری میں کئی سال سے گیس کی بندش سیوریج سسٹم و چھتر شاہراہ کی عدم تعمیر نے شہریوں کا جینا مشکل کر دیا ہے علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود بھی شہری کی حالت بہتر نہ ہو سکی شہر میں پینے کے صاف پانی گیس بجلی سیوریج سسٹم کے فقدان اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کے کاموں میں تاخیر سے عام شہری اور سیلاب متاثرین کا جینا محال ہو چکا ہے شہری میں بجلی گیس سیوریج سسٹم پینے کے صاف پانی کی بندش نے علاقہ مکینوں کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا ہے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ یہاں کے عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے ان کو پسماندگی کی طرف دھکیلا گیا ہے انہوں نے کہا کہ شہر میں کئی سال سے گیس کی فراہمی معطل ہونے سے مکینوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں صحت کی سہولیات صرف دعوؤں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے انہوں نے کہا کہ اگر گیس سیوریج سسٹم کے منصوبے کو فوری طور پر مکمل نہیں کیا گیا تو سخت احتجاج کریں گے دریں اثناء سیاسی و سماجی شخصیت میر شوکت جان منگریو نے کہا ہے کہ چھتر کے عوام نے مسائل کے خلاف کئی مرتبہ احتجاج کیا مگر اس کے باوجود حکام توجہ نہیں دے رہے ہیں شہر کا بنیادی انفراسٹرکچر تباہ ہو رہا ہے حکومت فوری طور پر مسائل حل کرے۔

# منشیات کا ناسور تیزی سے پھیلنے لگا، نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر

**پاکستان کی 18 فیصد آبادی مختلف نوعیت کا نشہ کرتی ہے، تعداد میں ہر سال 40 ہزار افراد کا اضافہ ہونے لگا، روک تھام ناگزیر ہے، رپورٹ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) منشیات کا ناسور تیزی سے پھیلنے لگا نوجوان نسل نشے کے جنگل میں دھنسنے لگی، بلوچستان کی کل آبادی کا اٹھارہ فیصد مختلف نوعیت کا نشہ کرتی ہے تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں منشیات استعمال کرنے والوں کی تعداد میں ہر سال 40 ہزار نئے افراد کا اضافہ ہو رہا ہے جس کی روک تھام پر توجہ دینے کی ضرورت ہے منشیات استعمال کرنے والے افراد میں 18 لاکھ 60 ہزار افراد ہیروئن کا باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرتے ہیں جبکہ ہماری کل آبادی کے تین اعشاریہ چھ فی صد افراد چرس پیتے ہیں 4 لاکھ 30 ہزار افراد انجکشن کے ذریعے ہیروئن کا باقاعدگی کے ساتھ استعمال کرتے ہیں جن میں 73 فی صد ہیروئنچی استعمال شدہ سرنج استعمال کرتے ہیں رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ گھر سے بھاگے ہوئے 25 ہزار اسٹریٹ چلڈرن منشیات کے عادی ہوتے ہیں جبکہ 78 فی صد مرد اور 22 فی صد خواتین منشیات استعمال کرتی ہیں دوسری جانب 20 لاکھ نوجوان ڈرگ استعمال کرنے لگے ہیں رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 29 لاکھ افراد اور خیبر پختونخوا کی آبادی کے 10 اعشاریہ 9 فی صد افراد منشیات کے عادی ہیں اسی طرح سندھ کی سولہ فیصد جبکہ بلوچستان کی کل آبادی کا اٹھارہ فیصد مختلف نوعیت کا نشہ کرتے ہیں، رپورٹ کے مطابق منشیات معاشرے کا ناسور ہے آج کل نوجوان نسل بہت تیزی سے منشیات کی لت میں مبتلا ہو رہی ہے منشیات کا عادی فرد نوعمری میں ہی زندگی کی دوڑ سے باہر ہو کر زندہ درگور ہو جاتا ہے نشہ چھوٹا ہو یا بڑا ہر صورت میں قابل نفرت و مذمت ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ انسداد منشیات کے ادارے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں تاکہ ملک سے منشیات کے ناسور کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خود اعتمادی، فیصلہ کرنے کی قوت، کمیونیکیشن کی مہارت، حالات کے دباؤ کو قبول کرنے، بنیادی کیفیت میں کام کرنے، وقت کی پابندی اور غصہ پر قابو پانے کی صلاحیت کے حامل افراد خود کو منشیات کے استعمال سے بآسانی محفوظ رکھ سکتے ہیں دوسری جانب عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ سال سٹی تھانے میں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا جسے شہری حلقوں کی جانب سے سراہا بھی گیا لیکن اب ایک مرتبہ پھر سٹی تھانے میں منشیات فروخت کی جا رہی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ سٹی تھانے میں مستقل بنیادوں پر کارروائی کر کے وہاں باقاعدہ نفری تعینات کی جائے تاکہ کوئی دوبارہ سٹی تھانے کو مسکن و محفوظ ٹھکانہ نہ بنا سکے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**Daily:** INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 12 MAY 2023 Page No: 14

## رواں ہفتے ہیٹ ویو کا خطرہ، شہری احتیاط کریں

محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ ملک کے نصف سے زائد جنوبی حصے میں رواں ہفتے درجہ حرارت میں اچانک اضافے کا سامنا کرنا پڑے گا جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی درجہ حرارت میں بتدریج اضافے کا امکان ہے۔ بلوچستان کے جن شہروں میں ہیٹ ویو کا خطرہ ہے ان میں لسبیلہ، اوتھل، تربت، گوادر، خضدار، کوئٹہ، نصیر آباد، جعفر آباد، کوہلو، بارکھان و دیگر شامل ہیں۔ محکمہ موسمیات کی اس پیش گوئی کو سنجیدہ لیا جائے کیونکہ ہیٹ ویو میں لو لگنے سے ڈی ہائیڈریشن کے باعث بہت تیزی سے شہریوں کی زندگی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے فوری طور پر شہریوں کو الرٹ جاری کیا جائے کہ وہ صبح 11 سے شام 4 بجے تک بلا ضرورت گھروں سے نہ نکلیں، جو شہری دھوپ میں کسی وجہ سے نکلنے پر مجبور ہیں وہ کاٹن، ململ یا کوئی اور ٹھنڈہ کپڑا پہنیں، گیلا تولیہ یا بڑا رومال اپنے ساتھ رکھیں، سر کو ڈھانپ کر باہر نکلیں اور پینے کے لیے صاف پانی کی بوتل اپنے ساتھ لازمی رکھیں۔ پانی اور دیگر ٹھنڈے مشروبات، فالسے اور ستو کے شربت کا استعمال بھی بہتر رہے گا۔

بچوں کو اگر اسکول بھیجیں تو انہیں بھی تمام احتیاطی تدابیر کے ساتھ روانہ کریں اور ہر طرح سے دھوپ سے بچنے کی ہدایت کریں۔ اساتذہ بھی گرمی کے حوالے سے طلبہ کو آگاہی فراہم کریں اور دھوپ میں کھیلنے کودنے نہ دیں۔ اسی طرح بچوں کو زیادہ سے زیادہ پانی پینے کی تلقین کریں اور خود بھی اس پر عمل کر کے دکھائیں۔ چھوٹے بچوں کو سنبھالنا اساتذہ کی ذمے داری ہے، وہ خود اپنی صحت کا خیال نہیں رکھ سکتے، ایسے بچوں کی کڑی نگرانی کی جائے، اسکولوں میں بچوں کو لو سے بچانے کے علاوہ لو لگنے کی صورت میں احتیاطی اور طبی سہولیات بھی ہونی چاہیے۔

محکمہ صحت، پانی اور بجلی فراہم کرنے والے اداروں اور محکموں کی بھی ذمے داری ہے کہ وہ اپنے اپنے شعبے سے متعلق تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو سہولیات فراہم کریں۔ پانی کی فراہمی انتہائی ضروری ہے، پانی کی قلت کے باعث شہریوں کو گرمی لگنے کی صورت میں جسم کو گیلا کرنے کے لیے پانی کی اشد ضرورت ہوتی ہے لہذا پانی کی فراہمی کو سو فیصد یقینی بنایا جائے۔ اسی طرح گرمی میں پنکھے اور ایئر کنڈیشنڈ چلانے کے لیے بجلی ناگزیر ہے، لہذا بجلی فراہم کرنے والی کمپنیاں اور ادارے بجلی کی ترسیل کو یقینی بنائیں تاکہ شہری سخت گرمی میں پنکھے اور ایئر کنڈیشن چلا کر اپنے آپ کو گرمی سے محفوظ رکھ سکیں، کوشش کی جائے کہ گرمی کے انتہائی اوقات کار 11 بجے سے 4 بجے تک لوڈشیڈنگ نہ کی جائے، تاکہ اسکولوں، کالجوں، جامعات اور اسپتالوں میں موجود افراد مزید اذیت کا شکار نہ ہوں۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ گرمی پڑتے ہی، فیڈر ٹرپ ہو جاتے ہیں اور شہری گرمی میں تڑپتے رہ جاتے ہیں۔

محکمہ صحت بھی احتیاطی طور پر گرمی کے شکار مریضوں کے لیے تمام بندوبست پہلے سے ہی کر لیں تاکہ کسی بھی مریض کو فوری طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ اکثر مریض اسپتال پہنچنے کے بعد بھی فوری طبی امداد نہ ملنے کے باعث موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں جو انتہائی تکلیف دہ عمل ہے، اسٹاف کو چاک و چوبند رکھا جائے۔ ادویات کی فراہمی پر بھی نگاہ رکھی جائے اور اس حوالے سے شہریوں کو معلومات کی فراہمی کو بھی یقینی بنائیں۔ شہریوں کو تمام احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہ کیا جائے۔

حکومت بھی تمام محکموں اور اداروں کو بھرپور وسائل فراہم کرے تاکہ وہ اپنی کارکردگی کو یقینی بنائیں۔ اس کے علاوہ شہریوں کے لیے ہنگامی بنیادوں پر جگہ جگہ ٹھنڈے پانی اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں۔ تندور، ہوٹلوں اور ایسے مقامات جہاں آگ اور ہیوی مشینری کی وجہ سے گرمی کی شدت زیادہ ہوتی ہے، ایسی جگہوں پر زیادہ احتیاط اور سہولیات کی ضرورت ہے۔ لہذا ایسے اداروں کو پابند کیا جائے کہ وہ اپنے مزدور اور ملازمین کی صحت کے حوالے سے تمام ضروری اقدامات کریں۔ جہاں جہاں پنکھے اور ٹھنڈے پانی کی ٹینکی کی ضرورت ہے وہاں فوری نصب کیے جائیں۔ اس معاملے میں کسی قسم کی غفلت اور کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے، کیونکہ انتظامیہ کی ذرا سی غفلت بڑے پیمانے پر اموات کا باعث بن سکتی ہیں۔ شہری بھی انتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں اور تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

اس کے علاوہ گرمی کی شدت میں کمی کے لیے حکومت طویل مدتی منصوبے بنا کر ان پر بھی عملدرآمد کریں۔ ہر شہر اور دیہات میں درخت لگانے کے انتظامات کیے جائیں، درختوں کی وجہ سے آب و ہوا بھی بہتر ہوتی ہے اور موسمی شدت بھی کم رہتی ہے۔ لہذا صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر اس حوالے سے بڑے پیمانے پر کام کرے، یہ کوئی سال دو سال کا کام نہیں ہے اس کے لیے ہر حکومت کو مسلسل کام کرنا پڑے گا تاکہ مرحلہ وار کروڑوں درخت لگائے اور ان کی حفاظت کی جا سکے۔ اس طرح چند برسوں میں موسمیاتی تبدیلیوں اور اثرات کو کم کیا جا سکے گا۔ اس کے لیے پانی کی مناسب ترسیل بھی ناگزیر ہے، اس پر بھی کام کیے جائیں، بلوچستان میں موجود قابل کاشت زمین کو پانی کی فراہمی اور شہروں میں بھی ایسی جگہیں جہاں درخت اگائے جا سکتے ہیں، وہاں پانی کی ترسیل کا بندوبست کیا جائے۔ اس طرح یہ بڑے پیمانے پر کیا جانے والا کام ہے، اس کے لیے بھرپور منصوبہ بندی اور مستقل کام کرنا ہوگا، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومتیں اپنا کردار ادا کریں۔

## بدترین عدم استحکام: کیا کرنا چاہیے؟

بلوچستان ملک بھر میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جو ہوا اور خصوصیت کے ساتھ پچھلے دو دنوں کے دوران جو افسوسناک حالات وواقعات پیش آئے وہ بھلا کس سے مخفی و پوشیدہ ہیں ایک طرف بدترین سیاسی عدم استحکام اور بحرانی کیفیت، دوسری جانب بے ہودہ سیاسی کلچر کا یہ حال کہ سرکاری وقومی املاک کو نقصان پہنچانے کے جرائم سے لے کر قومی عزت اور وقار سے کھیلنے کے مکروہ عمل اور پھر اس کے دفاع کرنے کی بدترین روش تک پتہ نہیں یہ حالات کس طرف جارہے ہیں اگر سیکورٹی فورسز بالخصوص افواج پاکستان صبر وتحمل کا مظاہرہ نہ کرتیں اور احتجاج کے نام پر بدترین قومی جرم کے مرتکب عناصر کے خلاف فوری ردعمل دیتیں تو آج حالات کیا ہوتے؟ المیے پہ المیہ سامنے آرہا ہے اور اس سے بڑھ کر کیا المیہ ہوسکتا ہے کہ پی ٹی آئی اب بھی دلائل دے رہی ہے حالانکہ پوری قوم جان چکی ہے کہ جس بدترین افراتفری پر استوار سیاسی روش کو عام کیا گیا غیر ذمہ دارانہ بیانات کی جو ایک طویل لہر پچھلے کئی ہفتوں سے چلتی رہی، مسلسل ایک سال سے کارکنوں کو اشتعال دینے کے لئے جوش خطابت میں الزامات کی جو بوچھاڑ ہوتی رہی قومی اداروں سے متعلق جو غیر سنجیدہ اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا گیا اس کا نتیجہ یہ نکلنا تھا جو ہم نے دیکھ لیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز قوم سے خطاب کرتے ہوئے اس بابت قدرے تفصیل کے ساتھ منطقی باتیں کہی ہیں اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ قانون کا سامنا کرنے کی بجائے عمران خان اور پی ٹی آئی نے حساس سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچا کر ملک دشمنی کا ناقابل معافی جرم کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سلامتی کو سب سے مقدم قرار دیتے ہوئے قانون ہاتھ میں لینے والے شرپسند عناصر کو خبردار کیا ہے کہ دہشتگردی اور شرپسندی میں ملوث عناصر ملک دشمن سرگرمیوں سے باز آجائیں ورنہ قانون ہاتھ میں لینے والے شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا پاکستان کی سیاسی تاریخ بڑی تلخ رہی ہے، ماضی میں انتقامی کارروائیوں کا اچھا انجام نہیں ہوا، سیاسی جماعتوں نے ماضی کی ان تلخ حقیقتوں سے سبق سیکھا، قومی ایجنڈے پر اتفاق رائے کی نئی تاریخ لکھی گئی، جسے میثاق جمہوریت کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال جب انہوں نے حکومت کی ذمہ داری سنبھالی تو بدعنوان اور ظالمانہ طرز عمل اختیار نہیں کیا پی ٹی آئی دور حکومت میں سیاسی انتقام سے ملک وقوم کی ترقی کا عمل شدید متاثر ہوا، پورے پاکستان بالخصوص کاروباری برادری اور بیوروکریسی کو درپیش مسائل کے باعث اصولی اتفاق رائے پیدا ہوگیا کہ نیب کے قوانین میں ترمیم کی جائے، جب ہم یہ بات کرتے تھے تو طعنہ دیا جاتا تھا کہ اپوزیشن این آر او مانگ رہی ہے، ہم نے فیٹف سمیت دیگر قومی امور پر متفقہ موقف اختیار کیا، اس معاملے پر بھی متفقہ رائے دی جا سکتی تھی لیکن ہم پر چوروڈاکو کے الزامات لگائے گئے محترمہ بینظیر بھٹو کی المناک شہادت کے موقع پر بلاشبہ پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنوں نے قومی طرز عمل، صبر وتحمل اور مثالی حب الوطنی کا مظاہرہ کیا یہ تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد رکھا جائے گا کہ آصف علی زرداری نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگا کر دشمنوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا اور پیغام دیا کہ قانون کا احترام کرنا اور جمہوریت کی راہ پر آگے بڑھنا ہے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجی وسرکاری املاک کو نقصان پہنچانا دہشتگردانہ عمل اور ملک دشمنی ہے، طاقتور اور کمزور قانون کے سامنے برابر ہیں۔ پی ٹی آئی قیادت نے اس طرز عمل کا مظاہرہ نہیں کیا بلکہ ملک دشمنی کا ناقابل تلافی جرم کیا، ایسے دلخراش مناظر تاریخ میں پہلے نہیں نظر آئے، عوام کو سڑکوں پر اور گاڑیوں میں محصور کیا گیا، ان کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا گیا، مریضوں کو ایمبولینس سے نکال کر گاڑی جلا دی گئی، حساس املاک پر دشمنوں کی طرح کے حملے کئے گئے، افواج پاکستان کے خلاف چند سو کے جتھے کو اکسانے کا مذموم اور گھٹیا اقدام کیا گیا، یہ مذموم مہم جاری ہے گزشتہ ۷۵ سال میں ازلی دشمن جو کام نہیں کرسکا وہ اب کیا گیا ہے وزیراعظم نے افواج پاکستان، پولیس، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور بلاشک یہ عین حقیقت بھی ہے کہ سیکورٹی اداروں نے بے انتہا صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا جس پر پوری قوم اپنی افواج کی احسان مند ہے لیکن بنیادی سوال سیاسی قیادت سے بنتا ہے اور وہ یہ ہے کہ سیاست میں اس قدر تلخی، نفرت اور کراہت نے سرایت کیسے کیا؟ گزشتہ ایک سال کے دوران ہم نے مشرق کے انہی صفحات اور انہی سطور پر بارہا اس بات کی نشاندہی کی کہ سیاست سے بالاتر ہوکر ریاست کے مفادات کو مقدم رکھا جائے قومی وقار، عزت اور افتخار پر کوئی آنچ نہ آنے دی جائے، سیاست اور گروہ بندی سے بالاتر کو اجتماعی قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گفت وشنید افہام وتفہیم کی فضاء پروان چڑھائی جائے لیکن تلخ حقیقت یہی ہے کہ سیاسی قیادت نے اس حوالے سے نہ صرف وقت اور حالات کے تقاضوں کو نظرانداز کیا بلکہ مجرمانہ حد تک خاموشی اور لاتعلقی کی مرتکب ہوتی رہی جو ایک اور المیہ ہے جو ہوا سو ہوا اب ان موجودہ حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ پوری قوم سیاست سے بالاتر ہوکر احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرے اس بنیادی نکتے کو سمجھنے کی کوشش کی جائے کہ سیاسی افراتفری، بدترین بحران کا خاتمہ قومی احساس ذمہ داری سے ہی ممکن ہے۔ بدترین سیاسی عدم استحکام کے اثرات ہمارے سامنے ہے کہ جمعرات کو ڈالر کہیں سے کہیں پہنچ گیا ہماری کرنسی مزید گر گئی ملک میں معاشی اور کاروباری سرگرمیوں میں کمی دیکھنے میں آرہی ہے اور صاف لفظوں میں کہا جائے تو حکومت کی توجہ بھی بٹ کر رہ گئی ہے ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ فوری طور پر تمام جماعتیں ایک میز پر آکر حالات سے نمٹنے کی حکمت عملی وضع کریں اور ساتھ ہی پی ٹی آئی قیادت کا فرض عین ہے کہ وہ ان تمام عناصر سے لاتعلقی اختیار کرنے کا اعلان کرے جو پاکستان دشمن نعروں، اقدامات اور افعال کے مرتکب ہوئے اس کے بعد قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے اور ساتھ ہی چیئرمین پی ٹی آئی سمیت جس بھی شخص پر جو بھی الزام ہے اسے سیاسی یا گروہی رنگ دینے کی بجائے آئین وقانون کو اپنا کام کرنے دیا جائے ملک کا روشن مستقبل آئین وقانون کی بالادستی کو تسلیم کرنے میں مضمر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 12 MAY 2023

Page No: 16

# No more smuggling

Unfortunately most of the parts of Balochistan were badly hit by last monsoon rains and heavy floods, the smuggling of flour, sugar and other commodities is underway via Noushki and Chagai districts to neighboring country Afghanistan. Owing to massive smuggling, shortage of sugar, flour and other commodities is being felt in Noushki and other bordering districts. There are many check posts of security forces but the loaded vehicles easily pass through all the way. The price of wheat and flour is sky-rocketing but regrettably the smuggling is continuing unchecked. Earlier, fertilizer was being smuggled to Afghanistan on a daily basis due to which the price of fertilizer surged immensely making it difficult for local farmers to afford it as result the production of wheat and other crops was badly affected. Despite strict orders by competent authority to curb smuggling but regrettably, the smuggling is continuing. The customs officials allegedly involved in illegal practice of smuggling which is creating immense difficulties for locals, therefore, it is essential that the government pay attention to this connection. It has become all the most important to protect the interests of the country. Simultaneously, time has come to give serious consideration to enhancing the productivity of our major crops including wheat, cotton, rice, edible oil and so on in order to become self-sufficient in them. Pakistan is an agrarian country but unfortunately be it the wheat, pulses or other items, we are largely dependent on their imports. The country's population is rising at a rapid pace and we have to bring in high yield crop varieties to cater to our requirements. Most importantly, the farmers need to be given incentives, especially the prices of agriculture input such as fertilizers and pesticides should be brought down in order to encourage them to bring more area under cultivation. What purpose do these numerous check posts serve when loaded trucks of sugar, flour, wheat and fertilizer manage to sneak through undetected? Pakistan has been facing an economic crunch with an economy surviving on external loans spent on men, surveillance equipment and border and other security apparatus to eradicate these illegal activities. Time has come that exemplary punishments are given to all those involved in this crime. The government has decided to import wheat to fulfill the demands of the country. On the other hand, the country's own wheat is being smuggled and in return which is absolutely irrational and illogical. The country is already in crisis due to unprecedented rains and floods. The smuggling of essential commodities will increase the misery of people.

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.__________ DATE: 12 MAY 2023 Page No: __________




کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے پی ڈی ایم اے کے سربراہ نصیر ناصر اور این ایچ اے کے عنایت آغا ملاقات کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے رکن اسمبلی خلیل جارج کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سابق سینیٹر سردار یعقوب ناصر کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ کا حاجی حسن کی قیادت میں غنائی بابا وفد کے ساتھ گروپ

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 12 MAY 2023

Page No: ________

Bullet No. ________



صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی، سیکرٹری خزانہ قمبر دشتی بجٹ 2023-24 سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ ایمبولینس سروسز کا افتتاح کر رہے ہیں



صوبائی وزیر احسان شاہ اور سیکرٹری ماحولیات اسفندیار کاکڑ و دیگر میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



ابائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے چیئرمین نعمت ظہیر ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 12 MAY 2023 Page No:________



کوئٹہ اور گوادر سیف سٹی پراجیکٹس کے حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



☆☆ کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆